روزنامہ اوصاف لاہور

11 DEC 2014

Page 12 Column 1-5

رجسٹریشن نہ کروانیوالے بلڈ بنکس کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

سکرین شدہ اور بیماریوں سے پاک خون کی مریضوں کو منتقلی یقینی بنانے کے لئے پنجاب بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی کو ٹاسک دے دیا گیا، کریک ڈاؤن یکم جنوری سے شروع کر دیا جائے گا

بلڈ ڈونرز کے مصدقہ ڈیٹا بیس کی موجودگی یقینی بنانے کیلئے پنجاب بلڈ لائن کو دوبارہ فعال کیا جائے، ایبولا وائرس روکنے کیلئے مزید 20 تھرمل گنز خرید کر ائرپورٹس پر فراہم کی جائیں: سلمان رفیق

میشر وزیر اعلیٰ برائے صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی کے اجلاس کی صدرات کر رہے ہیں

لاہور (اپنے رپورٹر سے) مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ سکرین شدہ اور بیماریوں سے پاک خون کی مریضوں کی منتقلی یقینی بنانے کے لئے پنجاب بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی کو ٹاسک دے دیا گیا ہے اور رجسٹریشن نہ کرانے والے تمام سرکاری و نجی بلڈ بنکس کے خلاف یکم جنوری 2015 سے کریک ڈاؤن شروع کر دیا جائے گا۔ انہوں نے یہ یہاں پنجاب بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ ڈاکٹر زاہد پرویز، ٹی ٹی اے کے سیکرٹری ڈاکٹر جعفر سلیم، پنجاب بلڈ ٹرانسفیوژن سروس کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ظفر اقبال، ڈاکٹر نادیہ عزیز ایم پی اے، ہی ایم ایچ لاہور کے بریگیڈیئر مقبول عالم، پی جی ایم آئی کے پروفیسر نعمان اسلم، پنجاب ایڈز کنٹرول پروگرام کے ڈپٹی پروگرام منیجر محمد فیصل، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، فاطمیہ فاؤنڈیشن کے نمائندوں کے علاوہ ڈائریکٹر جنرل پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ پی ٹی اے کے سیکرٹری ڈاکٹر جعفر سلیم نے بتایا کہ اب تک 500 بلڈ بنکس کی درخواستیں رجسٹریشن کے لئے موصول ہوئی ہیں اور 50 بلڈ بنکوں کی انسپکشن (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4)

بقیہ نمبر 4 گائیڈ لائنز

ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رجسٹریشن کے لئے درخواست دینے والے بلڈ بنک کو ایک معیاری بلڈ بنک کے لئے تیار کردہ گائیڈ لائنز اور SOPs فراہم کئے جا رہے ہیں اور انسپکشن کے بعد ان کی رجسٹریشن کے لئے کارروائی شروع کر دی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ BTA نے اخبارات کے ذریعے اشتہار دے کر تمام بلڈ بنکس کو ایک موقع مزید فراہم کر دیا ہے اور انہیں اس موقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے، خواجہ سلمان رفیق نے ہدایت کی کہ اگر اب بھی بلڈ بنکس رجسٹریشن کے لئے اتھارٹی سے رجوع نہیں کرتے تو بلا تفریق ایسے بلڈ بنکس کے خلاف یکم جنوری سے کارروائی کا آغاز کر دیا جائے۔ انہوں نے پنجاب بلڈ لائن کو دوبارہ فعال کرنے کے لئے ہدایات جاری کیں تاکہ بلڈ ڈونرز کا ایک مصدقہ ڈیٹا بیس موجود ہو جو ضرورت پڑنے پر کام آ سکے۔ انہوں نے ہدایت کی BTA کا اجلاس ہر ماہ منعقد کیا جائے تاکہ فیصلوں پر عملدرآمد کی رفتار کو تیز کیا جا سکے۔ دریں اثنا مشیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ایبولا وائرس کی ملک میں آمد کو روکنے اور ایسے کسی ممکنہ مریض کے علاج معالجہ کے لئے کئے گئے اقدامات کا جائزہ لینے کے اجلاس کی صدارت کی جس میں ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ پنجاب ڈاکٹر زاہد پرویز، پرنسپل سروسز انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے پرنسپل پروفیسر حامد بٹ، ایئر پورٹ منیجر، ایف آئی اے، اے ایس ایف، فیڈرل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، ڈائریکٹر ہیلتھ (CDC) ڈاکٹر عقیلی اور عالمی ادارہ صحت کے نمائندے نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایبولا وائرس کی روک تھام کے سلسلہ میں صوبائی اور وفاقی محکموں کی جانب سے کئے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ائرپورٹ سٹاف کے خلاف محکمہ صحت کے ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر اداروں کے ایسے اہلکار جو ایبولا وائرس کی روک تھام کے لئے خدمات میں مصروف ہیں، ان کی حفاظت کے لئے مزید ایک ہزار حفاظتی لباس فوری طور پر خریدے جائیں۔ علاوہ ازیں ائرپورٹس پر بیرون ملک سے آنے والے مسافروں کی سکریننگ کے لئے مزید 20 تھرمل گنز خرید کر ائرپورٹس پر فراہم کی جائیں۔